سوال نمبر: 5754

منجانب ۔جناب فخر آعظم وزیر صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ

	سوال	جواب
(ا)	آیا یہ درست ہے کی محکمہ تعلیم میں صوبائی، ضلعی اور تحصیل سطح پر مانیٹرنگ کیلئے ایک مینجمنٹ کیڈر موجود ہے؟	جی ہاں۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ کو آئی ایم یو اور انسپکٹریٹ سسٹم بنانے کی ضرورت کیوں پیش آئی تفصیل فراہم کی جائے۔	جہاں تک آئی ایم یو کا تعلق ہے تو وہ صوبے میں تعلیمی نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے شروع کیا گیا ہے اسی طرح آئی ایم یو جدید ٹیکنالوجی، نیٹ ورکنگ اور گلوبل پوزیشننگ سسٹم (GPS) کو موبائل فونز اور کمپیوٹرز کے ذریعے استعمال کرکے نا صرف مانیٹرنگ کو مئوثر طریقے سے انجام دے رہا ہے بلکہ اس نظام کے ذریعے فورا ایکشن بھی لیا جاتا ہے۔اس نظام سے حاصل شُدہ رپورٹ روزمرہ کی بنیاد پر آئی ایم یو کی ویب سائٹ http://www.kpimu.gov.pk پر ہر خاص و عام کیلئے ہر وقت دستیاب ہوتی ہے جس میں کسی بھی وقت صوبہ خیبر پختونخوا کے کسی بھی سرکاری سکول کی موجودہ تفصیلات دیکھی جاسکتی ہیں۔